سوال

(537) زیرِ ناف بالوں کو کہاں تک کاٹا جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

العانہ (موئے زہار) آلہ تناسل اور اردگرد کے بالوں کو کہتے ہیں لیکن بعض لوگ کہتے ہیں کہ ناف کے بالکل قریب سے بال مونڈنا شروع کریں خصیوں تک۔ «تحت السرہ» بھی کسی حدیث میں آیا ہے یا تکونی حصے سے خصیوں تک بال صاف کئے جائیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

«تحت السرہ» سے بال مونڈنے کا ذکر کسی حدیث میں نہیں امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں «العانۃ» سے مراد آلہ تناسل کے اوپر اور اردگرد ہوتے ہیں نیز امام شوکانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

دبر کے بال فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کسی ایک صحابی سے بھی مونڈنے ثابت نہیں۔ (نیل الاوطار:10/124)

صرف تکونی حصہ اور قرب وجوار پر بالوں کی صفائی پر اکتفا کرنا چاہیے اگرچہ بعض اہل علم دبر وغیرہ کے بالوں کی صفائی کے بھی قائل ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص820

محدث فتویٰ